## سوال

(137) حافظ قرآن جو تراویح پڑھاتا ہے، اس کو روپیہ دینا جائز ہے یا نہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حافظ قرآن جو تراویح پڑھاتا ہے، اس کو روپیہ دینا جائز ہے یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر کوئی اس کی خدمت کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ کیونکہ اس کی ممانعت ثابت نہیں۔ بلکہ بعض اصحاب رسول اللہ ﷺ نے سورہ فاتحہ پڑھ کر ایک مریض پر دم کیا تھا۔ اور اس سے تئیس بکریاں لی تھیں۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: کتاب اللہ پر اجرت لینا اچھا ہے۔ (اخبار الاعتصام جلد ۲۰ شمارہ ۴۷ : ۲۳ محرم الحرام ۱۳۸۹ھ)

(مولانا حافظ محمد گوندلوی سابق امیر مرکزی جمعیت)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

**جلد06 ص360**